# بعض نان امیگرنٹوں کے لیے رجسٹریشن کرنے کی مدت میں توسیع

(کال اِن گروپ 3 توسیع، فیڈرل رجسٹر نوٹس -- 19فروری 2003)

## اگر آپ پاکستان یا سعودی عرب کے شہری یا پیدائشی باشندے ہیں

- اور آپ کو ایک نان امیگرنٹ کی حیثیت سے یونائٹڈ اسٹیٹس میں 30 ستمبر 2002 کو، یا اس سے قبل داخلہ دیا گیا تھا؛ اور

- اگر آپ مرد ہیں، اور 13 جنوری 1987 کو یا اس سے پہلے پیدا ہوئے ہیں، اور

- اگر 18 دسمبر 2002 کو پناہ (asylum) کے لئے آپ کی درخواست زیر غور نہ تھی، یا اگر آپ منسلکہ سوال و جواب میں درج کسی اور بنا پرمستثنیٰ نہیں ہیں، اور

- اگر آپ کم سے کم 21 مارچ 2003 تک یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہیں گے۔

## آپ کو کیا کرنا ہوگا

1. آپ کو **21 مارچ 2003** یا اس سے قبل ایک مقررہ آئی این ایس دفتر پر رجسٹریشن(تصویر لینے، انگلیوں کے نشان لینے اور حلف دے کر انٹرویو کرنے) کے لیے حاضر ہو جانا چاہیے۔

2. اگر آپ مزید ایک سال سے زیادہ کے لیے یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہیں تو آپ کو اپنی پہلی رجسٹریشن کی سال گرہ کے دس دن کے اندر پھر مقررہ آئی این ایس دفتر پر حاضر ہوجانا چاہیے۔ مثلاً، اگر آپ کی رجسٹریشن10 فروری،2003 کو ہوئی تو آپ یکم تا 20 فروری 2004 کے درمیان پھر حاضر ہونگے۔

3. اگر آپ اپنا پتہ، ملازمت، یا تعلیمی ادارہ تبدیل کرلیں تو آپ کو فارم (AR-11 SR) استعمال کرکے آئی این ایس کو دس دن کی اندر مطلع کرنا چاہیے۔

4. اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس سے باہر چلے جائیں تو آپ کو مقررہاڈوں میں سے کسی ایک پر ائی این ایس کے انسپکٹنگ آفیسر کے پاس حاضر ہوجانا چاہیے اور اسی اڈے سے اسی دن یونائٹڈ اسٹیٹس سے باہر جانا چاہیے۔

## تعمیل کرنا لازمی ہے

اگر آپ اس طریقِ کار پر عمل نہیں کریں گے تو آپ کو آوٹ آف اسٹیٹس(out of status) اور قابلِ اخراج (deportable) تصوّر کیا جایے گا۔ آپ کو گرفتار کیا جاسکتا ہے، حراست میں رکھا جا سکتا ہے، جرمانہ عائد ہوسکتا ہے اور/ یا ملک سے نکالا جاسکتا ہے۔ آئندہ یونائٹڈ اسٹیٹس کے امیگریشن مفادات کے لیے درخواست پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔ اگر آپ باقاعدہ مقررہ اڈے سے باہر نہ چلے جائیں تو اس کا اثر آئندہ یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخل ہونے کی کوشش پر پڑ سکتا ہے۔ فیصلے انفرادی بنیادوں پر کئے جائیں گے اور ہر ایک معاملے کے حالات پر مبنی ہوں گے۔